فوری ریلیز کے لیے: 13/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

اٹارنی جنرل JAMES اور محکمہ برائے مالیاتی خدمات WESTERN UNION کی جانب سے نیو یارک بھر میں خدمات کا سلسلہ جاری رکھنے کو یقینی بنانے میں کامیاب، گورنر HOCHUL کا اعلان

Intermex کے حصول کے بعد، ترسیلاتِ زر کی خدمات تک نیو یارک کے شہریوں کی مسلسل رسائی یقینی رکھنے کی خاطر، Western Union تین سال تک اسٹورز کے مقامات کو برقرار رکھے گا اور فیسوں میں اضافے کی حد مقرر کرے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ محکمہ برائے مالیاتی خدمات (Department of Financial Services, DFS) ریاست نیو یارک کی اٹارنی جنرل کے دفتر (Attorney General's Office, OAG) کے ہمراہ شراکت داری میں The Western Union Company (Western Union) سے یہ باضابطہ یقین دہانی حاصل کرنے میں کامیاب رہا ہے کہ وہ International Money Express, Inc. (Intermex) کے حصول کے بعد نیو یارک بھر میں کمیونٹیز کے لیے اپنی خدمات برقرار رکھے گی۔ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے مالیاتی خدمات (DFS) کی جانب سے Intermex کے حصول کی Western Union کو رضامندی حاصل ہونے کے بعد، Western Union نیو یارک میں اہم نوعیت کی مالیاتی خدمات کی دستیابی اور منصفانہ قیمتوں کی موجودگی کو یقینی بنائے گا۔ Western Union کو Intermex کے حصول کے بعد تین سال تک ریاست بھر میں اپنے مراکز برقرار رکھنا، ترسیلاتِ زر کی خدمات کی پیشکش جاری رکھنا اور فیسوں میں اضافے کی حد مقرر کرنا ہو گی، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کے شہریوں کو اس کی خدمات تک قابلِ اعتماد رسائی مسلسل حاصل رہے

"نیو یارک کا ہر ایک شہری ایسی مالیاتی خدمات تک قابل اعتماد اور رعایتی قیمت پر رسائی کا حقدار ہے جس پر وہ اپنے گھر والوں کی معاونت کے لیے انحصار کرتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "جیسا کہ Western Union اپنے حصولیابی کے عمل میں پیش رفت کر رہی ہے، تو ایسے میں میری انتظامیہ یہ یقینی بنا رہی ہے کہ ترسیلاتِ زر کی اہم نوعیت کی خدمات ریاست بھر میں کمیونٹیز کے لیے دستیاب رہیں جبکہ صارفین کو فیسوں میں غیرمنصفانہ اضافے سے بھی بچایا جائے۔ نیو یارک کے شہریوں کے لیے اس اہم معاہدے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی خاطر شراکت داری قائم کرنے پر میں اٹارنی جنرل James (جیمز) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

نیو یارک کی اٹارنی جنرل Letitia James (لیٹیشیا جیمز) نے کہا، "نیو یارک کے شہری اپنے خاندانوں کی کفالت کرنے اور دنیا بھر میں اپنے پیاروں کو رقوم ارسال کرنے کے لیے Western Union پر انحصار کرتے ہیں۔ ہم یہ یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں کہ یہ انضمام ترسیلاتِ زر کی ان خدمات کے لیے خطرہ نہ بنے جن کی محنت کش خاندانوں کو ضرورت ہے۔ Western Union کو قابل استطاعت رکھنے اور نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کے لیے اسے دستیاب بنانے کی خاطر اس منصوبے کو حتمی شکل دینے کے لیے کام کرنے پر میں گورنر Hochul (ہوکل) اور قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Asrow (ایسرو) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے مالیاتی خدمات کی قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Kaitlin Asrow (کیٹلن ایسرو) نے کہا، "نیو یارک کے تمام تر شہریوں کے لیے سستی اور قابل رسائی مالیاتی خدمات کی دستیابی کے تحفظ کے لیے DFS پوری تندہی سے کام کر رہا ہے۔ اٹارنی جنرل کے دفتر کے ساتھ شراکت داری سے حاصل کی گئی یہ باضابطہ

یقین دہانی اسی کاوش کو مزید آگے بڑھاتی ہے اور یہ یقینی بناتی ہے کہ Intermex کے حصول کے بعد بھی نیو یارک کے شہریوں کو ترسیلاتِ زر کی اہم خدمات تک رسائی کا سلسلہ یونہی جاری رہے گا۔"

Western Union ایک ملٹی نیشنل مالیاتی خدمات کی کمپنی ہے جو اپنے صارفین کو اپنی ویب سائٹ اور ایپس کے ذریعے یا پھر نیو یارک بھر میں پھیلے ہوئے اپنے لگ بھگ 3,000 لائسنس یافتہ ایجنٹس کے مقامات کے ذریعے 200 سے زائد ممالک اور علاقوں میں رقم بھیجنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ Intermex ہر سال 6,000 سے زائد نیو یارک کے صارفین کی خدمت کرتی ہے اور انہیں اپنی آن لائن ایپس اور لائسنس یافتہ ریٹیل مقامات جن میں برونکس، بروکلین، مینہیٹن، کوئینز، ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی اور لانگ آئی لینڈ میں واقع شاخیں شامل ہیں، کے ذریعے 60 سے زائد ممالک میں رقم ارسال کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ Intermex لاطینی امریکہ اور کیریبیئن میں ترسیلاتِ زر کی خدمات پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ Intermex کو حاصل کرنے کے بعد Western Union ان چھ ممالک کے لیے نیو یارک کے صارفین کی ریٹیل ترسیلاتِ زر کے ایک نمایاں حصے پر کنٹرول رکھے گا: ایکواڈور، گوئے مالا، ہونڈوراس، میکسیکو، نیکاراگوا اور پیرو۔

DFS اور اٹارنی جنرل کے دفتر (OAG) کے ساتھ معاہدوں کے تحت، Western Union کو تین سال تک Intermex کے حصول کو ان چھ ممالک کو رقوم بھیجنے والے نیو یارک کے صارفین کے لیے دستیاب خدمات میں کمی کرنے کے لیے استعمال کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ Intermex کے دفاتر کھلے رہیں گے اور ان کی برانڈنگ Western Union میں منتقل ہو جائے گی۔ بالخصوص Western Union کو درج ذیل اقدامات کرنے ہوں گے:

- ایسے زپ کوڈز میں جہاں حصول کے وقت Intermex کے مقامات کام کر رہے ہیں، وہاں کم از کم اتنی ہی حقیقی موجودگی برقرار رکھے؛
- ان میں سے ہر ایک مقام سے ایکواڈور، گوئٹے مالا، ہونڈوراس، میکسیکو، نیکاراگوا اور پیرو کے لیے نیو یارک کے صارفین کو ریٹیل ترسیلاتِ زر کی خدمات کی پیشکش؛ اور
- ریٹیل سروسز کے لیے قیمتوں میں اضافے کو صرف اسی حد تک محدود رکھے جو مہنگائی سے مطابقت رکھتی ہوں۔

Western Union تین سال تک کے لیے DFS کو رپورٹس بھی فراہم کرے گا جن میں شامل ہے:

- ریٹیل مقامات سے خدمات کے خاتمے کی فہرست اور خاتمے کی وجوہات؛
- خدمت کی دستیابی اور قیمتوں کے بارے میں صارفین کے ساتھ تمام تر ابلاغ؛ اور
- ہر مقام پر طریقہ کار اور منزل کے ملک کے لحاظ سے ریٹیل اور ڈیجیٹل ترسیلاتِ زر کی خدمات کی تعداد اور رقم، نیز ان خدمات کے لیے فیس شیڈول۔

Western Union کو حصولیابی کے ایک سال کے بعد، ایک آزاد، DFS کے منظور کردہ آڈیٹر کو بھی ادائیگی کرنا ہو گی تاکہ یقینی بنایا جائے کہ معاہدے کی شرائط کی تعمیل کی جا رہی ہے۔ DFS بطور ریگولیٹر، Western Union کے طرزِ کاروبار کی نگرانی جاری رکھے گا، جس میں معاہدے کی تعمیل بھی شامل ہے۔ اگر Western Union شرائط کی خلاف ورزی کرتا ہوا پایا گیا تو OAG نفاذ کی کارروائیاں کرنے یا پھر معاہدے کی شرائط میں توسیع کرنے کے قابل ہو گا۔

###

ان سبسکرائب کریں

اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔